**Model Sample Paper** **Code -A**

Subject: Urdu Class: 9th Session:2023-24

Paper: Annual/ Supplementary Time: 3:00 Hour Marks:80

Roll No.____________________

---

نوٹ: تمام سوالات لازمی ہیں۔

All qustions are compusory.

☆برائے مہربانی اس بات کی تصدیق کر لیں کہ یہ سوال نامہ 5 صفحات پر مشتمل ہے اور اس میں سوالات کی کل تعداد 18 ہے۔

Please make sure that the printed pages in this question paper are 5 in number and it contains 18 questions.

☆سوال نامے کے دائیں جانب اوپر تحریر کیے گئے کوڈ نمبر کو طالب علم جوابی کاپی کے شروعاتی خاص صفحہ پر ضرور درج کریں۔

The Code No. on the right side of the question paper should be written by the candidate on the front page of the answer book.

☆ برائے مہربانی سوال کا جواب تحریر کرنے سے قبل سوال کا شمار نمبر ضرور درج کریں۔

Before beginning to answer a question its Serial Number must be written.

☆ جوابی کاپی کے درمیان خالی صفحہ/صفحات ہرگز نہ چھوڑیں۔

Don't leave blank page/pages in your answer book.

☆مہیا کرائی گئی کلیدی جوابی کاپی کے علاوہ کوئی دوسری کاپی نہیں ملے گی۔اس لیے بڑے ہی احتیاط کے ساتھ سوال کا جواب لکھیں اور لکھا ہوا جواب نہ کاٹیں۔

Except answer book, no extra sheet will be given. Write to the point and do not strike the written answer.

☆طالب علم/طالبات اپنا رول نمبر سوال نامہ پر ضرور درج کریں۔

Candidate must write their Roll Number on the question paper.

☆برائے مہرانی سوالات کے جواب تحریر کرنے سے قبل اس بات کی جانچ کو یقینی بنائیں کہ سوال نامہ پوری طرح سے صحیح ہے۔امتحان کے درمیان اس تعلق سے کوئی بھی دعوی قبول نہیں کیا جائے گا۔

Please make sure to check that the question paper is completely correct before writing the answers to the questions. No claim in this connection will be entertained between examinations.

☆سوال نمبر ایک اور دو معروضی ہیں۔سوال نمبر ایک چار انتخاب پر مشتمل ہے اور سوال نمبر دو کے لیے کوئی انتخاب نہیں ہے۔۔ہر سوال ایک ایک نمبر کا ہے۔

Question No. 1 & 2 are objective type and carry 1 equal marks.

☆سوال نمبر 3 سے 9 تک بہت مختصر جوابات پر مشتمل ہیں اور ہر سوال دو دو نمبر کے ہیں۔

Question No 3 to 9 are based on Very short answer and carry 2 marks each.

☆سوال نمبر 10 سے 13 تک تفصیلی سوالات پر مشتمل ہیں ہر سوال پانچ نمبر کا ہے۔

Question No 10 to 13 are based long answer type and carry 5 marks each .

☆سوال نمبر 14 سے 16 تک تفصیلی، غیر تدریسی اقتباس اور خالی جگہوں کو پُر کرنے پر مشتمل ہیں۔ہر سوال آٹھ آٹھ نمبر کے ہیں؟

Question No 28 to 30 are based on Long answer, Unseen Passage, and fill in the blanks and carry 8 marks each.

☆سوال نمبر 17 سے 18 تک تین تین نمبر کے ہیں۔

Question No 17 to 18 are carry 3 marks each.

☆☆☆☆☆☆☆

Download from www.MsEducationTv.com

**سوال.1** مندرجہ ذیل معروضی سوالات کے چار- چار جواب دیے ہیں۔صحیح جواب کا انتخاب کر کے اپنی کاپی میں لکھیے :- 8x1=8

(i) 'ہندو مسلمان' کس شاعر کی نظم ہے؟

(ا) میر تقی میرؔ (۲) تلوک چند محرومؔ

(۳) اسمٰعیل میرٹھی (۴) نظیرؔ

(ii) 'مسکن' کے کیا معنی ہیں؟

(ا) ہسپتال (۲) گھر

(۳) دفتر (۴) اسکول

(iii) 'آسان' کا متضاد کیا ہے؟

(ا) مشکل (۲) عام فہم

(۳) ابتدائی (۴) آسمانی

(iv) میر باقر علی دہلوی کون تھے؟

(ا) غزل گو (۲) نظم نگار

(۳) افسانہ نگار (۴) داستان گو

(v) ہاتھی کی روٹی کیسی ہوتی ہے؟؟

(ا) پتلی (۲) دو تین انچ موٹی

(۳) چپاتی (۴) تندوری

(vi) 'غافل' کے کیا معنی ہیں؟

(ا) بے خبر (۲) خبردار

(۳) ہوشیار (۴) عقلمند

(vii) 'وقت' کی جمع کیا ہے؟

(ا) وقتیں (۲) وقتوں

(۳) اوقات (۴) واقعات

(viii) 'پنچھی' کے کیا معنی ہیں؟

(ا) مسافر (۲) پتھر

(۳) پرندہ (۴) پہاڑ

Download from www.MsEducationTv.com

سوال.2 مندرجہ ذیل معروضی سوالات کے جواب اپنی کاپی میں ایک یا دو لفظ میں لکھیں:- 8x1=8

(i) کبیؔر کی پیدائش کہاں ہوئی؟

(ii) لفظ 'فضا' کے معنی کیا ہیں؟

(iii) 'ماما' کا مونث کیا ہے؟

(iv) پانڈے کو گھنے بالوں سے کیا فائدہ ہوتا ہے؟

(v) لفظ 'پسند' کا متضاد کیا ہے؟

(vi) 'فریب' کا معنی کیا ہے؟

(vii) 'احکام' کا واحد کیا ہے؟

(viii) 'شکایت' کی جمع کیا ہے؟

سوال.3 عزّت کے قابل کون ہیں؟ 2x1=2

سوال.4 لڑکی غمگین لے میں کیوں گا رہی تھی؟ 2x1=2

سوال.5 کسی سے گفتگو کرنے کے کیا آداب ہیں؟ 2x1=2

سوال.6 ڈاکوؤں نے دکان دار پر کیوں حملہ کیا؟ 2x1=2

سوال.7 لکڑہارے نے خدا سے کیا شکایت کی؟ 2x1=2

سوال.8 مرغ کی دوسری ٹانگ نکلنے پر خانساماں نے صاحب سے کیا کہا؟ 2x1=2

سوال.9 آریہ بھٹ کون تھے؟ 2x1=2

سوال.10 مندرجہ ذیل عبارت کی تشریح حوالوں کے ساتھ کیجیے۔ 5x1=5

گرمی کے دن تھے۔ بابو جی دفتر گئے ہوئے تھے۔ ماں دونوں بچّوں کو سلا کر خود سو گئی تھی۔ لیکن دونوں بچوں کی آنکھوں میں نیند کہاں؟ امّاں جی بہلانے کے لیے دونوں دم روکے، آنکھیں بند کیے موقعے کا انتظار کر رہے تھے۔ جیوں ہی معلوم ہوا کہ امّاں جی اچھی طرح سو گئی ہیں، دونوں چپکے سے اٹھے اور بہت آہستہ سے دروازے کی سٹکنی کھول کر باہر نکل آئے۔ انڈوں کی حفاظت کی تیاریاں ہونے لگی۔

Download from www.MsEducationTv.com

سوال.11 مندرجہ ذیل میں سے کسی ایک شعری حصّے کی تشریح سیاق وسباق کے ساتھ کیجیے۔ 5x1=5

(الف)

ہندو ہو کوئی یا ہو مسلماں
عزّت کے قابل ہے بس وہ انساں
نیکی ہو جس کا کارِ نمایاں
اَوروں کی مشکل ہو جس سے آساں

(ب)

یہ گھر سسرال ہوگا شاید اس کا
کبھی ماں باپ کی یاد آ رہی ہے
کبھی مصروف ہے آہ و فغاں میں
کبھی غمگین لے میں گا رہی ہے

سوال.12 اپنے اسکول کے پرنسپل کے نام فیس معافی کی ایک درخواست لکھیے۔ 5x1=5

یا

اپنے اسکول کے پرنسپل کے نام بیماری کی چھٹی کے لیے ایک درخواست لکھیے۔

سوال.13 مندرجہ ذیل شعرا میں سے کسی ایک کی حیات و شخصیت پر تفصیلی مضمون لکھیے۔ 5x1=5

اسمٰعیل میرٹھی

اختر شیرانی

سورج نرائن مہر

سوال.14 مندرجہ ذیل عنوانات میں سے کسی ایک پر تفصیلی مضمون لکھیے۔ 8x1=8

قومی یکجہتی    چڑیا گھر کی سیر    وقت کی اہمیت    میرا اسکول

Download from www.MsEducationTv.com

سوال.15 مندرجہ خالی جگہوں کو دیے ہوئے الفاظ کی مدد سے پُر کیجیے۔ 2x4=8

بچّے    باپ    ٹوٹی    کانپ

(i) کیشو دل میں------------- رہا تھا۔

(ii) پانی کی پیالی بھی ایک طرف--------------- پڑی ہے۔

(iii) کیشو کے سر اس کا-------------- پڑے گا۔

(iv)------------- نکل کر پھُر سے اڑ جائیں گے۔

سوال.16 مندرجہ غیر تدریسی اقتباس کا مطالعہ کرنے کے بعد درج ذیل سوالات کے جواب دیجیے۔ 2x4=8

رضیہ سلطان ہندوستان کی پہلی ملکہ تھی جو دلّی کے تخت پر بیٹھی۔ دہلی کے بادشاہ التتمش کی بیٹی تھی۔ اپنے بہن بھائیوں میں رضیہ سب سے زیادہ ذہین، محنتی اور ہوشیار تھی۔ باپ نے اپنی زندگی ہی میں اسے اپنا جانشیں مقرر کر دیا تھا۔ وہ جانتا تھا کہ بیٹے عیش پسند ہیں، بیٹی کے علاوہ کوئی اور حکومت چلانے کی صلاحیت نہیں رکھتا۔ اس نے اپنے آخری دنوں میں چاندی کے سکّے پر رضیہ کا نام بھی شامل کر لیا تھا۔

(i) رضیہ سلطان کہاں کی ملکہ تھی؟

(ii) رضیہ سلطان کس کی بیٹی تھی؟

(iii) اپنے بہن بھائیوں میں رضیہ کیسی تھی؟

(iv) باپ نے اپنی زندگی میں کسے جانشین بنایا؟

سوال.17 مندرجہ ذیل میں سے کسی ایک تعریف مثال کے ساتھ لکھیے۔ 1x3=3

اسم

ضمیر

صفت

سوال.18 نظم کی تعریف لکھیے۔ 3x1=3

☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆

Download from www.MsEducationTv.com